## سوات میں جیو نیوز کے نمائندے موسی خان خیل کا سفا کانہ قتل کھلی بربریت اوردہشت گردی ہے۔الطاف حسین

## موسیٰ خان خیل کو سوات میں قیام امن کیلئے ہونے والی سرگرمیوں کی کوریج کے دوران قتل کیا گیا ہے لہٰذاایم کیوایم موسیٰ خان خیل کو'' شہیدِ امن'' کا خطاب دیتی ہے۔الطاف حسین

## موسیٰ خان خیل کے قتل پرصحافتی تنظیموں کی جانب سے کئے جانے والے احتجاج کی بھرپورحمایت کرتے ہیں۔الطاف حسین

کراچی۔۔۔18 فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سوات میں جیو نیوز کے نمائندے موسی خان خیل کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے اوراس سفا کانہ قتل کو بربریت اور کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے اورقتل کے اس واقعہ پرصحافتی تنظیموں کی جانب سے کل کئے جانے والے احتجاج کی بھرپورحمایت کا اعلان کیا ہے۔ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر منعقدہ تقریب سے خطاب کے دوران موسیٰ خان خیل کے قتل کی اطلاع ملنے پر جناب الطاف حسین نے اس واقعہ کی شدید مذمت کی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ موسیٰ خان خیل سوات میں قیام امن کیلئے ہونے والی سرگرمیوں کی کوریج میں مصروف تھے جس کے دوران انہیں قتل کردیا گیا لہٰذاایم کیوایم موسیٰ خان خیل کو'' شہیدِامن'' کا خطاب دیتی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ موسیٰ خان خیل کے بہیمانہ قتل کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے موسیٰ خان خیل کے قتل پرجیو نیوز کی پوری انتظامیہ اورعملے کے تمام ارکان سے دلی ہمدردی اورافسوس کا اظہار کیا۔انہوں نے موسیٰ خان خیل شہید کے لواحقین سے بھی دلی تعزیت کا اظہار کیااوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ موسیٰ خان خیل شہید کواپنی جوارِرحمت میں جگہ دے۔جناب الطاف حسین نے موسیٰ خان خیل شہید کے قتل پر پی ایف یو جےاوردیگرصحافتی انجمنوں کی جانب سے کل کئے جانے والے احتجاج کی بھی بھرپورحمایت کا اعلان کیا۔

## موسی خان خیل کے بہیمانہ قتل پرالطاف حسین کی جیو کے ڈائریکٹر نیوز اظہر عباس سے فون پرتعزیت

## جیوٹی وی کے تمام ذمہ داران،صحافیوں،کیمرہ مینوں اور عملے کے ایک ایک کارکن سے الطاف حسین کا دلی تعزیت کا اظہار

لندن۔۔۔18 فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سوات میں جیو نیوز کے نمائندے موسی خان خیل کے بہیمانہ قتل پر جیوٹی وی فون کرکے جیو کے ڈائریکٹر نیوز اظہر عباس سے تعزیت کی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں اپنی اورایم کیوایم کے ایک ایک کارکن کی جانب سے موسیٰ خان خیل کے سفا کانہ قتل پرجیو کے تمام ذمہ داران،صحافیوں،کیمرہ مینوں اورجیو کے عملے کے ایک ایک کارکن سے دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ موسیٰ خان خیل سوات میں امن کی کوششوں کی کوریج کیلئے مٹہ گئے تھے اوراپنی پیشہ وارنہ فرائض کی انجام دہی کے دوران انہیں قتل کیا گیا ہے لہٰذا موسیٰ خان خیل ''شہیدِامن'' ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ ظلم کی انتہا ہے اورایم کیوایم اس ظلم کی شدید مذمت کرتی ہے۔

## ساؤتھ ایشیافری میڈیاایسوسی ایشن (سیفما) کے چیئرمین امتیاز عالم پرلاہور میں مسلح افراد کا حملہ قابل مذمت ہے۔الطاف حسین

## امتیاز عالم پرحملہ حق اورسچ پریقین رکھنے والے تمام لوگوں پرحملہ ہے۔الطاف حسین

## امتیاز عالم پر حملے کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے،اس مذموم واقعہ میں ملوث افراد کو فی الفور گرفتار کیا جائے اورامتیاز عالم کو تحفظ فراہم کیا جائے۔حکومت سے الطاف حسین کا مطالبہ

لندن۔۔۔18 فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ساؤتھ ایشیافری میڈیاایسوسی ایشن (سیفما) کے چیئرمین اورملک کی ممتاز شخصیت امتیاز عالم پرلاہور میں مسلح افراد کے حملے،انکی گاڑی کی توڑ پھوڑ اورانہیں ہراساں کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ امتیاز عالم آزادی صحافت ہی کیلئے نہیں بلکہ انسانی حقوق اور خطے میں امن واستحکام کے قیام کیلئے جدوجہدکررہے ہیں اورانتہاپسندی کے خلاف بھی جرات وہمت کے ساتھ حق اورسچ کی آوازبلندکررہے ہیں اوران پرحملہ حق اورسچ پریقین رکھنے والے تمام لوگوں پرحملہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے امتیاز عالم سے دلی ہمدردی اورمکمل یکجہتی کا اظہار کیااورحکومت سے مطالبہ کیا کہ امتیاز عالم پر حملے کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے،اس مذموم واقعہ میں ملوث افراد کو فی الفورگرفتار کیا جائے اورامتیاز عالم کوتحفظ فراہم کیا جائے۔

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے ٹیلی فون پر گفتگو

## وزیراعلیٰ کی ہمشیرہ کے انتقال پرتعزیت کی

لندن۔۔18فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے ٹیلی فون پران کی ہمشیرہ کے انتقال پرتعزیت کی۔جناب الطاف حسین نے سید قائم علی شاہ سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطاکرے۔

## ایم کیوایم نے خاندانی اورموروثی سیاست کے طلسم کوتوڑا ہے۔الطاف حسین

## ایم کیوایم نے غریب ومتوسط طبقہ کےافرادکوایوانوں میں بھیج کر گلے سڑے جاگیردارانہ نظام میں دراڑیں ڈال دی ہیں

## ایم کیوایم کی جدوجہد کانتیجہ ہے کہ آج دیگر جماعتوں کے کارکن بھی اپنے لیڈروں سے یہ کہہ رہے ہیں کہ غریب ومتوسط طبقہ کے باصلاحیت کارکنوں کوبھی نمائندگی دی جانی چاہیے

## نعمان سہگل کی تیارکردہ تنظیمی نغموں کی سی ڈی ''اک خیال،اک تصور'' کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔18 فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ ایم کیوایم نے خاندانی اورموروثی سیاست کے طلسم کوتوڑاہےاورملک کے کرپٹ پولیٹیکل سسٹم میں غریب ومتوسط طبقہ کے لوگوں کوایوانوں میں بھیج کرفرسودہ اور گلے سڑے جاگیردارانہ نظام میں دراڑیں ڈال دی ہیں اورآج لفظ'' جاگیردار'' یا وڈیرہ اچھے معنوں میں نہیں لیاجاتا۔انہوں نے ان خیالات کااظہارآج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پرسابق صوبائی مشیراورممتاز فنکارنعمان سہگل کی تیارکردہ تنظیمی نغموں کی سی ڈی '' اک خیال،اک تصور'' کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب میں اراکین رابطہ کمیٹی،ایم کیوایم کے ارکان اسمبلی،حق پرست ناظمین اورایم کیوایم کے مختلف تنظیمی ونگزاورشعبہ جات کے ارکان نے شرکت کی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم ایک نظریاتی تحریک ہےاوراس نے پاکستان کے کرپٹ سیاسی کلچر میں ایک نیانظریہ پیش کیا کہ پاکستان صرف چندخاندانوں کی حکمرانی کیلئے نہیں بنا بلکہ پاکستان کا قیام اسلئے عمل میں آیاتھا کہ تمام شہریوں کوبلاامتیاز رنگ ونسل وعلاقائی وابستگی اورمذہب کے مساوی حقوق حاصل ہوں،ایم کیوایم نے یہ نظریہ دیا کہ صرف دوفیصدمراعات یافتہ طبقہ اورانکی اولادوں کو ہی ملک پرحکمرانی کاحق نہیں بلکہ ملک کے 98فیصدغریب ومتوسط طبقہ کوبھی قانون سازاسمبلیوں اوراقتدارکےایوانوں میں پہنچنے کاحق ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج ایم کیوایم کاحقیقت پسندی اورعملیت پسندی کانظریہ کراچی سےنکل کرسندھ کے چپہ چپہ ہی میں نہیں بلکہ پنجاب،سرحد،بلوچستان اورآزادکشمیر میں بھی پھیل گیا ہےاور یہ ایم کیوایم کی ہی جدوجہد کانتیجہ ہے کہ آج دیگر جماعتوں کے کارکن بھی اپنے لیڈروں سے یہ سوال کررہے ہیں کہ اسمبلیوں میں جاناصرف پارٹی کے لیڈروں اورجاگیرداروں کا ہی حق نہیں بلکہ پارٹی کےغریب ومتوسط طبقہ کے باصلاحیت کارکنوں کوبھی نمائندگی دی جانی چاہیے۔انہوں نے مزیدکہا کہ ایم کیوایم نےفرسودہ گلے سڑے جاگیردارانہ نظام کے بارے میں اپنے فکروفلسفہ کواس طرح پھیلایا ہے کہ آج ہرجگہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کےخلاف بحث ہوتی ہے حتیٰ کہ جاگیرداراوروڈیرے میڈیا پرآکرخود یہ کہتے ہیں کہ ہم اب جاگیردارنہیں رہے یعنی لفظ'' جاگیردار'' یا '' وڈیرہ'' اچھے معنوں میں نہیں لیاجاتا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ملک میں ایساسیاسی نظام لایاجائے جہاں انصاف سب کیلئے برابرہو،جہاں ترقی کا معیارزبان،علاقہ،رنگ،نسل یامذہب نہ ہو بلکہ اس کی بنیادصرف میرٹ ہواوراعلیٰ کردارکےایماندار،محنت کرنے والےلوگ اقتدارسنبھالیں،کسی بھی شہری کا خواہ کوئی بھی مذہب یاعقیدہ کیوں نہ ہواگروہ پاکستان کاشہری ہےتو وہ بھی ملک کے شہری کی حیثیت سے مساوی حقوق کا حقدار ہے۔ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ملک سے غربت وبیروزگاری کاخاتمہ ہو،تعلیم عام ہو،انتہاپسندی کاخاتمہ ہو،فرقہ وارانہ ہم آہنگی ہو۔ایم کیوایم جنس کی بنیاد پربھی امتیاز کے خلاف ہےاورسمجھتی ہے کہ خواتین کوبھی تعلیم،روزگار،منتخب ایوانوں اورزندگی کے ہرشعبہ میں مردوں کےمساوی نمائندگی اورترقی کامساوی حق ملنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سے قبل سیاسی جلسےجلوسوں میں صرف مردحضرات ہی شرکت کرتے تھےلیکن ایم کیوایم نے خواتین کوسیاست میں بھرپور شریک کیااورآج ایم کیوایم کی دیکھادیکھی دیگر جماعتیں بھی خواتین کوسیاسی سرگرمیوں میں شریک کرنے لگی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ملک میں ایساعدالتی نظام نافذ ہوجس میں امیرہی کونہیں بلکہ غریبوں کوبھی سستااورفوری انصاف میسرآئے۔ایم کیوایم صحافی برادری میں بھی دوہرے نظام کےخلاف ہےاورچاہتی ہے کہ تمام صحافیوں ،فوٹوگرافروں،کیمرہ مینوں اوراخباری کارکنوں کوان کاجائزحق دیاجائے اورویج ایوارڈ پرعمل کیاجائے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کی تقریباً ہرسیاسی یامذہبی جماعت میں خاندانی اوروراثتی نظام ہےاورباپ کے بعد بیٹااورپوتا،بیٹی کے بعدنواسہ نواسی اورایک ہی خاندان کےلوگ اسمبلیوں میں آتے ہیں،ایم کیوایم نے اس موروثی اورخاندانی سیاست کاطلسم توڑا ہے،پاکستان میں ایم کیوایم وہ واحد جماعت ہے جس میں موروثیت نہیں ہے اور ملکی سیاست میں الطاف حسین وہ واحد شخص ہیں جس نے خاندانی اورموروثی

نظام سیاست پر عمل نہیں کیا، ایم کیو ایم میں احترام اور برابری کا رشتہ ہے اور تحریک کے کارکن اپنے قائد کو ''الطاف بھائی'' کہہ کر مخاطب کرتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ نظریاتی تحریکوں میں جوش و جذبہ پیدا کرنے کیلئے جس طرح نعرے لگائے جاتے ہیں اسی طرح تحریک کے پیغام اور نظریاتی مشن و مقصد کو نغموں کی صورت میں ڈھال کر آگے بڑھایا جاتا ہے اور ہر دور میں نغموں اور ترانوں نے نظریہ کو آگے بڑھانے میں بہت بڑا کردار ادا کیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے تنظیمی ترانوں کی کیسٹ کی تیاری پر نعمان سہگل اور ان کی پوری ٹیم کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## ایم کیو ایم کی حق پرستانہ تحریک کے باعث ''وڈیرا اور جاگیردار'' اب ناپسندیدہ لفظ بن کر رہ گئے، الطاف حسین

کراچی:۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم کی حق پرستانہ تحریک کے باعث لفظ ''وڈیرا اور جاگیردار'' اب ناپسندیدہ لفظ بن کر رہ گئے ہیں۔ یہ ایم کیو ایم کی تحریک کا ہی نتیجہ ہے کہ آج ٹی وی پر آکر بڑے بڑے جاگیردار اور وڈیرے اپنے جاگیردار اور وڈیرے ہونے سے صاف انکار کرتے ہیں ۔بدھ کے روز خورشید بیگم میموریل ہال میں تنظیمی ترانوں پر مشتمل آڈیو سی ڈی کے اجراء کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کے کارکن بھی اپنے جاگیرداراور وڈیرے رہنماؤں اور قائدین سے کہہ رہے ہیں کہ انہیں بھی اسمبلیوں کی ٹکٹ دی جائے اس پر ان کا بھی پورا حق ہے۔الطاف حسین نے کہا کہ یہ دراصل ایم کیو ایم کے سچے نظریے کی فتح ہے، یہ بھی ہماری کامیابی ہے کہ دیگر صوبوں والے بھی حق پرست ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو ایک ماہ یا اس سے زائد مدت کیلئے ادھار مانگ رہے ہیں تا کہ ان کے علاقوں میں بڑے ترقیاتی کام کرائے جائیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کا دیکھا دیکھی اب دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں میں بھی خواتین کا احترام کیا جارہا ہے اور ان کے حقوق تسلیم کیے جارہے ہیں۔

## خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں سابق صوبائی مشیر نعمان سہگل کی تنظیمی ترانوں پر مشتمل آڈیو سی ڈی ''اک خیال ایک تصور'' کا اجراء

کراچی:۔۔18 رفروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے سابق حق پرست صوبائی مشیر نعمان سہگل کی موسیقی اور آواز پر مشتمل تنظیمی ترانوں کی ایک آڈیو سی ڈی بعنوان'' اک خیال ایک تصور'' کے اجراء کی تقریب بدھ کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقد ہوا۔اس رنگارنگ تقریب سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے خصوصی طور پر لندن سے ٹیلیفونک خطاب کیا۔اس موقع پر MQM کی رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری، شکیل عمر، ڈاکٹر نصرت، شاہد لطیف اور سابق صوبائی مشیر نعمان سہگل کے علاوہ حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، وزراء، مشیران، سینیٹرز، ٹاؤن ناظمین و نائب ناظمین، یوسی ناظمین و نائب ناظمین، کونسلرز کے علاوہ ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ان تنظیمی ترانوں کی موسیقی خود نعمان سہگل نے ترتیب دی اور خود بھی ترانے گائے ہیں۔تقریب میں تلاوت کلام پاک کے فرائض مولانا فیروز الدین رحمان نے انجام دیے۔ یہ آڈیو سی ڈی 12 ترانوں پر مشتمل ہے جس میں دیکھا نہیں کبھی وطن پر وقت ساتھیوں ساتھ چلو، دل دیا ہے، سارے جہاں کی، پھر کہاں قائد الطاف، ہم ساتھ ہیں، میرے ساتھی تو، ہم سب کا یہی ہے، دل دیا ہے، آدل کے لگن کہیں اور ہیپی برتھ ڈے ٹو یو شامل ہیں۔ بعدازاں شعیب بخاری نے بٹن دبا کر آڈیو سی ڈی کا افتتاح کیا۔

## ''مظلوموں کا ساتھی ہے......الطاف حسین'' آج دنیا بھر کا مقبول ترین ترانہ ہے، شعیب بخاری

## آڈیو سی ڈی ''اک خیال اک تصور'' کا اجراء قائد تحریک الطاف حسین کے تربیت کا نتیجہ ہے، نعمان سہگل

کراچی:۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)18 رفروری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور صوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری نے کہا ہے کہ ''مظلوموں کا ساتھی ہے الطاف حسین'' آج بھی دنیا بھر کا مقبول ترین ترانہ ہے جو جنگ وطبل جنگ کیلئے نہیں بلکہ قیام امن اور مظلوموں کے حقوق کے حصول کیلئے ہے۔اب نعمان سہگل نے مزید تنظیمی ترانے ترتیب دیکر ایک اور کارنامہ انجام دیا ہے۔ وہ نعمان سہگل کے ترتیب کردہ ایم کیو ایم کے حوالے سے تنظیمی ترانوں پر مشتمل آڈیو سی ڈی ''اک خیال اک تصور'' کی تقریب اجراء سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر تنظیمی ترانوں کے موسیقی اور گلوکار نعمان سہگل نے بھی خطاب کیا۔شعیب بخاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ اگر نعمان سہگل کے ترتیب کردہ ترانے قائد تحریک سے شرف مقبولیت حاصل کر لیتے ہیں تو دعوے سے کہا جاسکتا ہے کہ یہ ترانے جگہ جگہ بجائے اور سنے جائیں گے اور ریکارڈ مقبولیت حاصل کرلیں گے۔انہوں نے کہا کہ تاریخ میں دو واقعات ایسے ملتے ہیں جب عوام کا جوش بڑھانے کیلئے ترانے بنائے گئے اور ایسا یونان میں کیا گیا تھا۔تمام جو مقبولیت مظلوموں کا ساتھی ہے الطاف حسین کو حاصل ہوئی ہے کسی کو نہیں ہوئی۔نعمان سہگل نے قائد تحریک الطاف حسین نے ہر مقام پر میری رہنمائی کی ہے اور میری آڈیو سی ڈی بھی ان کی تعلیم و تربیت کا نتیجہ ہے میں ایک حادثے کے نتیجے میں بستر پر چار ماہ سے پڑا ہوا تھا اس دوران میں نے سوچا تحریک کیلئے کوئی کام کیا جانا چاہئے۔آج یہ آڈیو سی ڈی کے کا اجراء ایک ٹیم ورک کا نتیجہ ہے۔میری سوچ ہے کہ پاکستان کا ایک ایک فرد ایم کیو ایم کا بن جائے اور شریک جدوجہد ہوجائے۔

## الطاف حسین نے نعمان سہگل، سمیع سہگل اور شاعر عتیق احمد کانپوری کو آڈیو سی ڈی کی تیاری پر زبردست خراج تحسین پیش کیا

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تنظیمی ترانوں پر مشتمل آڈیو سی ڈی تیار کرنے پر نعمان سہگل، سمیع سہگل اور شاعر عتیق احمد کانپوری کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ بدھ کے روز اس کی تقریب اجراء سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے توقع ظاہر کی کہ نعمان سہگل اور ان کی ٹیم آئندہ بھی حق پرستی کے پیغام کو پھیلانے میں اپنا کردار ادا کرتی رہیگی ۔ انہوں نے اس موقع پر ترانوں کی سی ڈی کو 18 مارچ کو یوم تاسیس کی نظر کرنے کا بھی اعلان کیا۔ الطاف حسین نے دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی کہ وہ بھی اپنے طور پر تنظیمی ترانے تیار کرکے اس کی سی ڈی جاری کریں۔

## ایم کیوایم نے خاندانی اور وراثتی سیاست کا خاتمہ کیا، الطاف حسین

کراچی ۔۔۔( اسٹاف رپورٹر)۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حوالے سے تنظیمی ترانوں پر مشتمل آڈیو سی ڈی ''اک خیال اک تصور'' کی تقریب اجراء کے شرکاء اس وقت زبردست جوش وخروش پیدا ہوگیا جب الطاف حسین نے اپنی تقریر کے دوران ایک موقع پر کہا کہ ایم کیوایم نے خاندانی اور وراثتی سیاست کا خاتمہ کیا ہے۔اس نے نہ صرف ایسا کیا بلکہ عملی طور پر ثابت بھی کیا آج ایم کیوایم میں الطاف حسین کا کوئی بھانجا، بھتیجہ موجود نہیں ہے الطاف حسین کے ان کلمات کے ساتھ ہی شرکاء میں زبردست جوش وخروش پیدا ہوگیا وہ اپنی نشستوں سے کھڑے ہوگئے اور زبردست تالیاں بجا کر انہیں زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ صحافیوں کے ''ویج ایوارڈ کی حامی ہے، الطاف حسین

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اخبار اور چینل مالکان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ صحافیوں، فوٹو گرافروں اور کیمرہ مینوں کا اپنی آمدنی کا وہ حصہ اور حق ضرور دیں جو ان کا حق بنتا ہے۔ایم کیوایم صحافیوں کیلئے'' ویج ایوارڈ'' کی بھی حامی ہے ۔ یہ بات انہوں نے بدھ کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کے حوالے سے تنظیمی ترانوں کی آڈیو سی ڈی کی اجراء کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ بعض صحافی چینل پر آتے ہیں انہیں تین تین اور دو دو لاکھ روپے ملتے ہیں۔انہیں ادارے سے بھی ملتے ہیں اور اس سے الگ بھی، ایم کیوایم ہر ایک کو اس کا حق دینا چاہتی ہے۔

## پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لئے غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت ناگزیر ہے۔ایم کیوایم یوکے

## ایم کیوایم پاکستان کی واحد سیاسی جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقہ کے افراد کو ایوانوں میں بھیجا

## شیفیلڈ میں منعقدہ اجلاس سے ڈاکٹر سرور خان اور محمد منشاء خان کا خطاب

لندن ۔۔۔18 فروری 2008ء۔۔۔ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر سرور خان اور محمد منشاء خان نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لئے غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت ناگزیر ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے برطانیہ کے شہر شیفیلڈ میں منعقدہ کارکنان وہمدردوں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں شیفیلڈ، مانچسٹر اور دیگر شہروں میں مقیم پاکستان کے مختلف صوبوں سے تعلق رکھنے والے بزرگوں اور نوجوانوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی واحد سیاسی جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے جائز حقوق کا نعرہ ہی بلند نہیں کیا بلکہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ اور ایماندار افراد کو ایوانوں میں بھیجا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا فکر وفلسفہ ملک بھر میں فروغ پارہا ہے اور پاکستان کی مختلف قومیتوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جب جب ایم کیوایم کو موقع ملا اس کے منتخب نمائندوں نے عوام کی عملی خدمت کے ریکارڈ قائم کئے اور اسکی تازہ ترین مثال سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کے تین بہترین میئرز میں شامل کیا جانا ہے۔انہوں نے میٹنگ کے شرکاء پر زور دیا کہ وہ ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ کو سمجھیں اور ایم کیوایم کے خلاف پھیلائے گئے منفی پروپیگنڈوں کے مقاصد کو سمجھیں اور ملک سے غربت، ناانصافی، ناخواندگی اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کے لئے اپنا کردار ادا کریں۔

☆☆☆☆☆